نقد و نظر

اصلاح المسلمین

تالیف مولوی سید محمد ادریس صاحب تحصیلدار پنشنر تاج گنج۔ آگرہ قیمت ۴؍

اس مختصر رسالہ میں مولف نے عقائد اور اخلاق اور عبادات اور معاملات کے متعلق قرآن مجید کی آیات کا صرف ترجمہ الگ الگ عنوانات کے تحت جمع کر دیا ہے۔ مثلاً صفات الٰہی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف بعث ونشر اور یوم آخر کے متعلق جتنی آیات ہیں ان کا ترجمہ ان عنوانات کے تحت ایک جگہ لکھدیا ہے۔ نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کی آیات کا ترجمہ الگ الگ سلسلہ وار لکھدیا ہے۔ اور اخلاق و معاشرت اور معاملات کے متعلق جدا جدا عنوانات قائم کرکے ان کے بارے میں جو آیات ہیں ان کے تراجم یکجا جمع کر دیے ہیں۔ عام مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ مفید ہے کہ اس طرح قرآن حکیم کے احکام اور اس کی تعلیمات پر مجملاً اتنی اطلاع حاصل ہو جاتی ہے جتنی ایک عامی کے لئے ضروری ہے۔

بشریٰ

ماہوار رسالہ زیر تحریر مولوی عبدالرزاق صاحب فاضل دیوبند و مولوی ابوالجلال صاحب ندوی۔ مقام اشاعت ۳۱ کتابت خان اسٹریٹ۔ مونٹ روڈ۔ مدراس قیمت سالانہ تین روپئے۔

ایک مذہبی تاریخی اور علمی رسالہ ہے۔ مختلف مذاق کے مضامین اس میں جمع کرنیکی کوشش کی گئی ہے مدراس جیسے مقام میں زبان اردو کی یہ ایک مفید خدمت ہے جنوبی ہند کے لوگوں کو اس رسالہ سے فائدہ اٹھانا اور اسے ترقی دینے کی کوشش کرنا چاہیئے۔